رازونیاز | نتیجۂ فکر جناب حکیم حبیب احمدؐ صاحب اَشعرؔ دہلوی۔ ضخامت ۴۸ صفحے، چھوٹی تقطیع قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ: دائرۃ الادب، محلہ رودگران۔ دہلی۔

اَشعرؔ صاحب کی غزلوں کا یہ چھوٹا سا گلدستہ سادگی کے ساتھ شوخی اور پرکاری کی چاشنی بھی رکھتا ہے۔ بحیثیت مجموعی یہ مختصر سا دیوان شاعر کی قادر الکلامی اور "اشعریت" کا گواہ ہے۔ لیکن کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ ہمارے نوجوان شعرا ارباب "چشم سحرکار" کی "فسوں طرازیوں" کو بھول کر اپنے ذہن کی عمدہ صلاحیتوں کو تعمیر ملت کے مفید تر کاموں میں صرف کریں؟ ادب اور شعریت کی مثال تو قندِ سفید کی سی ہے۔ اس سے مٹھائی تیار کرکے محض ذائقہ کی لذت کا سامان بھی فراہم کیا جاسکتا ہے اور اسے کڑوی کسیلی دواؤں کے ساتھ ترکیب دیکر خوش ذائقہ معجون بھی بنائی جاسکتی ہے تاکہ جسم وجان کو طاقت بھی بخشے اور اپنی شیرینی سے کام ودہن کی لذت طلبی کو بھی مطمئن کردے۔

دھلی | تالیف محمود علی صاحب جامعی۔ ضخامت ۴۶ صفحات۔ قیمت ۴ر۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ جامعہ دھلی۔

یہ کتاب بچوں کے لیے لکھی گئی ہے جس میں انھیں دلی کی مختصر تاریخ اور اس کا جغرافیہ سمجھایا گیا ہے۔ تاریخی مقامات کے نقشے اور مشہور عمارتوں کے فوٹو بھی دیدیے گئے ہیں۔ بچے اس کتاب کو بڑی دلچسپی سے پڑھیں گے اور گھر بیٹھے دلی کی سیر کریں گے۔

رسولؐ پاک | تالیف عبدالواحد صاحب سندھی جامعی۔ ضخامت ۶۵ اصفحات، قیمت ۸ر ملنے کا پتہ: مکتبہ جامعہ۔ دھلی۔

یہ کتاب بھی بچوں کے لیے لکھی گئی ہے جس میں ان کے ہادی اور پیشوا (علیہ السلام) کی سیرت پاک سے سلیس اور دلنشین پیرایہ میں انھیں روشناس کرایا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ بچوں کو زندگی کے میدان میں جس ذات کے اسوۂ عمل کی پیروی کرنی ہے وہ ذات کونسی تھی